بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥

Page 1. LESSON 141 سورہ بنی اسرائیل CHAPTER 15.

آیت ۱ - اس سورہ بنی اسرائیل کے دو اور نام ہیں۔ الاسرا اور سورہ سبحان
مکی دور کے آغاز میں نازل ہوئی - ہجرتِ مدینہ سے تقریباً ایک سال
قبل حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اسرا و معراج کا واقعہ پیش آیا
جس سے اس سورت کا آغاز ہے۔ اللہ تعالیٰ کی پاکی، اسکی بڑائی سے آیت
شروع ہوتی ہے۔ اس واقعہ کی اہمیت اور اللہ کی قدرت پتہ چلتی ہے
یہاں اسری سے کونسے سفر کی بات ہے؟

جواب: مسجد الحرام سے مسجد الاقصیٰ تک جو زمین کا سفر تھا
وہاں سے پھر آپ ﷺ کو آسمانوں کی طرف لے جایا گیا اسکو معراج کہتے ہیں

سوال ۲: بیت المقدس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا واقعات پیش آئے؟

جواب: تمام انبیاء وہاں جمع تھے۔ آپ ﷺ کی سب سے ملاقات ہوئی اور آپ ﷺ
نے نماز میں امامت کرائی۔

سوال ۳: اس بات میں ہمیں کیا حکمت نظر آتی ہے؟

جواب: پچھلے نبیوں کی شریعت اب منسوخ ہے اور رسول ﷺ کی شریعت
قیامت تک باقی رہنے والی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ سلام جب دوبارہ
دنیا میں تشریف لائینگے تو رسول ﷺ کی امت کی حیثیت سے ہونگے۔

سوال ۴: اس آیت سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ معراج کا سفر کیوں پیش آیا
اور آسمانوں پر بلا کر اللہ تعالیٰ نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو کن چیزوں
سے نوازا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کو اپنی نشانیوں کا عملی مشاہدہ کرانا چاہتے تھے۔
حقائق کو سامنے دیکھ کر عین الیقین ہو جائے۔
اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو آسمانوں پر بلا کر امت کا عروج دکھایا
5 نمازیں عطا کیں جنکا ثواب 50 کے برابر رکھا۔ ہر عمل کا اجر گنا کر دیا۔
التحیات ..... کے کلمات ملے۔ سورہ بقرہ کی آخری
دو آیات دی گئیں۔ درود پڑھایا گیا۔ فرشتے کی شکل میں حضرت
ابو بکر صدیق کو دکھایا۔ وہاں بھی انکی رفاقت کا احساس ملا۔